14623 ـ چندہ دینے والے کے لیے اجتماعی دعا کرنا

سوال

بعض لوگ جن کے پاس صدقہ و خیرات کا پیسہ اکٹھا ہوتا ہے جب وہ لوگوں میں تقسیم کرنا چاہتے ہیں تو صدقہ لینے والے اپنے ہاتھ اس رقم پر رکھ کر ایك شخص صدقہ کرنے والے کے لیے دعا مانگتا ہے اور دوسرے بلند آواز سے آمین کہتے ہیں، کیا یہ عمل صحیح ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اس کیفیت سے دعا نہیں کرنی چاہیے کیونکہ یہ بدعت ہے رہا صدقہ و خیرات کرنے والے شخص کے لیے صدقہ و خیرات والے مال پر ہاتھ رکھے بغیر اور بغیر آواز بلند کیے اور مذکورہ کیفیت کے بغیر دعا کرنا مشروع ہے، کیونکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

" جو کوئی شخص بھی تمہارے ساتھ بھلائی اور اچھائی کرتا ہے تو تم اسے اس کا بدلہ دو، اور اگر تمہیں اس کا بدلہ دینے کے لیے کچھ نہیں ملتا تو اس کے لیے اتنی دعا کرو کہ تم سمجھو کہ اس کا بدلہ ادا ہو گیا ہے "

اسے ابو داود اور نسائی نے صحیح سند کے ساتھ روایت کیا ہے.